© rasailojaraid.com

# مسافرانِ آخرت

* کراچی سے ہمارے کرم فرما محترم سید محمد طلحہ گیلانی صاحب کے ماموں جناب غلام احمد صاحب طویل علالت کے بعد گزشتہ ماہ لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، حضرت امیر شریعت کے ارادت مندوں سے تھے۔
* مجلس احرارِ اسلام ملتان کے مخلص کارکن محترم شیخ فضل الرحمن کی والدہ ماجدہ ۱۹ اگست کو اچانک انتقال کر گئیں۔
* ملتان سے ہمارے کرم فرما محترم مسعود اختر صاحب (سلیمی دواخانہ) کے بہنوئی ابرار احمد صاحب گزشتہ دنوں لندن میں انتقال کر گئے۔
* مجلس احرارِ اسلام گجرات کے ناظم محمد اسلم چیمہ کے والد ماجد ۲۹/اگست کو انتقال کر گئے۔
* مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا محمد اسحٰق سلیمی کی نواسی ۲۹/اگست کو انتقال کر گئی۔
* مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مخلص کارکن محترم غلام حسین صاحب کے بڑے بھائی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

## جناب قمر الحق قمر کو صدمہ:۔

جامعہ خیر المدارس کے سابق نائب مہتمم حضرت مولانا عبدالحق جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کی بیوہ، جناب قمر الحق قمر (نیوز ایڈیٹر) روزنامہ خبریں ملتان، مولانا نجم الحق (ناظم خیر المدارس) کی والدہ ماجدہ اور قاری محمد حنیف جالندھری (مہتمم جامعہ خیر المدارس) کی چچی صاحبہ ۲۵/اگست ۱۹۹۸ء کو ملتان میں انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ انتہائی صالحہ اور عابدہ زاہدہ خاتون تھیں۔ ان کی نمازِ جنازہ جامعہ خیر المدارس کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق صاحب دامت برکاتھم نے پڑھائی۔ مرحومہ کو جامعہ سے ملحقہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمہ اللہ کے ذاتی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری اور اراکین ادارہ نقیب ختم نبوت نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

* مجلس احرارِ اسلام ملتان کے ناظم جنابِ شیخ بشیر احمد نور محلی کی والدہ ماجدہ گزشتہ سال ۳۱/اگست ۱۹۹۷ء کو انتقال کر گئی تھیں۔

## دعاء مغفرت:

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے، ان کی خطاؤں کو معاف فرمائے اور عفو و مغفرت کا خاص معاملہ فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com